★ **هشت محفل**

ترتیب و تالیف : **سید محمد باقر**

تحقیق و ترجمہ : **ڈاکٹر ظہور الدین احمد**

تقسیم کار : **المعارف ۔ گنج بخش روڈ ۔ لاہور**

صفحات : **۱۱۹** **قیمت :۲۴ روپے**

حضرت شاہ ابو المعالی ۔ (۹٦۰ ھ ۔ ۱۰۲۴ ھ) صاحب نظر درویش ، شاعر اور عالم تھے ۔ شیخ عبد الحق محدّث دهلوی ، ابو الفیض فیضی اور ملاّ عبد القادر بدایونی جیسے معاصرین سے ان کے مراسم تھے ۔ موصوف قادری سلسلہ سے منسلک تھے اور شاہ عبد القادر جیلانی کے افکار و تعلیمات کی نشر و اشاعت میں مصروف رهتے تھے ۔ انہوں نے شاہ عبد القادر جیلانی کے حالات میں "تحفة القادریہ" کے نام سے ایک کتاب لکھی اور شیخ عبد الحق محدّث دهلوی کو "فتوح الغیب" (تالیف : شاہ عبد القادر جیلانی) کے ترجمہ و شرح کی ترغیب دی ۔

حضرت شاہ ابو المعالی کے لائق فرزند سید محمد باقر نے ان کے آٹھ دنوں کے فرمودات قلمبند کئے اور انہیں "هشت محفل" کا نام دیا ۔ ان فرمودات یا ملفوظات کا واحد قلمی نسخہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ ہے ۔ ڈاکٹر ظہور الدین احمد صاحب نے جو برصغیر میں فارسی ادب کی تاریخ پر سندکا درجہ رکھتے ہیں ، "هشت محفل" کا متن تیار کیا اور اردو میں اسکا ترجمہ کیا ۔ ترجمہ اس قدر سلیس اور شستہ ہے کہ اس پر اصل کا گمان ہوتا ہے ۔

"هشت محفل" ایک مختصر رسالہ ہے مگر اس میں قادری سلسلے کے آداب بیعت ، معرفت و حقیقت کے نکات اور مرشد کے فرائض وغیرہ مباحث آ گئے ھیں ۔ اس رسالے سے شاہ ابو المعالی کے علم و نظر ، ذوق شعر اور کمالات معنوی پر روشنی پڑتی ہے ۔ جناب ڈاکٹر ظہور الدین احمد صاحب نے شاہ ابو المعالی کے احوال و آثار محنت اور جستجو سے مرتّب کئے ھیں ۔ کتاب میں اصل متن اور ترجمہ دونوں شامل ھیں ۔

اسلامک بک فاؤنڈیشن لاھور کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس نے گزشتہ چند برسوں میں صوفیاء اور تصوّف پر گراں قدر کتابیں سائع کی ھیں ۔ یہ کتاب بھی پہلی بار اسلامک بک فاؤنڈیشن نے چھاپی ہے ۔ کتابت ، طباعت اور جلد بندی نہایت معیاری ہے ۔

(اختر راھی)

★ ★ ★ ★ ★